ترجمہ کیا۔ قاری یہ محسوس نہیں کرتا کہ یہ کہیں سے ترجمہ ہوا ہے بلکہ خود مستقل تصنیف کا روپ دھارا ہے اور ترجمے کی خوبی بھی یہی ہے کہ قاری پڑھنے میں کوئی دقت اور خلجان محسوس نہ کرے، بہرحال چھ ابواب اور ۲۳ فصول پر مشتمل یہ مجموعہ لائق صد تحسین ولائق داد ہے، مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ صاحب مرحوم نے بستر علالت پر اسکی نظر ثانی بھی فرمائی، مولانا سمیع الحق مدظلہ اور مولانا مفتی تقی عثمانی مدظلہ کی تقریظات وتاثرات سے مزین ہیں، حسن طباعت وترتیب مولانا اسرار مدنی کے ذوق جمیل کی آئینہ دار ہے۔ اللہ اسے مصنف کے حق میں رفع درجات کا ذریعہ بنادے اور مترجم ومعاون کو مزید علمی خدمات کی توفیق نصیب فرمائے۔

- **اللہ کی پناہ میں آئیں** تالیف: فضیلۃ الشیخ ابوزہیر شہید بن زاہد حسین بن فضل عیان سلارزئی

ترجمہ وتعلیق: مولانا حنیف الرحمٰن ضخامت: ۴۳۲ ناشر: مکتبہ الیسریٰ کراچی 03461987101

مولانا ابوعمیر زاہد حسین سلارزئی کی تصنیف لطیف ہے۔ جو استعاذہ کی چالیس احادیث نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم پر مشتمل ہے۔ اس دور پرفتن اور زمانہ پرآشوب میں تعوذات نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مجموعہ مرتب کر کے عوام الناس کے سامنے پیش کرنا ایک عظیم نعمت سے کم نہیں اس لحاظ سے مولانا ابوعمیر زاہد حسین مبارک باد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے اس گراں قدر مجموعہ کو عوام الناس کے استفادے کے لئے پیش کیا یہ کتاب اس قابل اور لائق ہے کہ مسلمان اس کو حرزہ جان بنا کر اللہ کی پناہ حاصل کریں اور جعلی عاملوں کے جال میں پھنسنے سے بچتے رہے اس اہم کتاب کے ترجمے کی سعادت مولانا حنیف الرحمٰن کو حاصل ہے کہ انہوں نے اس مجموعے پر تعلیقات وتخریج کا نہایت اہم اور مشکل کام سرانجام دیا۔ اللہ مؤلف اور مترجم دونوں کو مزید علمی ترقی عطا فرمائے اور اس کی کتاب کو نافع خلائق بنائے آمین۔

- **ربط وخلاصہ تفسیر امام لاہوری وامام شاہ منصوری**

افادات: امام اولیاء وعلامہ احمد علی لاہوری، زینت المفسرین مولانا عبدالھادی شاہ منصوری

تالیف: ابومحمد مفتی عبدالحمید حقانی۔ ضخامت: ۷۰۶ صفحات ناشر: مکتبہ عمر فاروق پشاور

پاکستان کے دو عظیم علماء ومفسرین مولانا احمد علی لاہوری اور مولانا عبدالھادی شاہ منصوری نوراللہ مرقدہما تفسیر قرآن کے حوالے معروف شخصیات ہیں، ان کے افادات قرآنی سے ہزاروں، لاکھوں لوگ فیض یاب ہو چکے ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب ''ربط وخلاصہ تفسیر'' ان شیخین کریمین کے تفسیری نکات وافادات اور قرآنی سورتوں کے خلاصہ جات پر مشتمل ہے، جسے جامعہ حقانیہ کے ہونہار فاضل مفتی عبدالحمید حقانی نے انتہائی جانفشانی اور عرق ریزیں کے ساتھ مرتب کیا۔ ترتیب کتاب موصوف کے ذوق تحقیق وترتیب کا آئینہ دار ہے۔ قرآن کے ۱۱۴ سورتوں کا بالترتیب اندراج اور اس کے متعلق شیخین کریمین کے تمام افادات کو ایک ہی گلدستہ میں جمع کرنا کمال اور لائق تحسین ولائق داد ہے۔